باسمہ تعالیٰ

27/3/81

محترمی و مکرمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

مولانا محترم کو آپ کا مکتوب گرامی پہنچا ہے۔ مولانا نے فرمایا ہے کہ مجھے یاد نہیں پڑتا کہ میں نے مولانا فراہی کو کوئی خط کبھی لکھا ہو۔ یہ خیال بھی درست نہیں کہ مدرسہ کے زمانہ میں میرے مشاغل میں قرآن مجید سرفہرست رہا ہوگا۔ اس لئے آپ اس خط کو فکر ونظر میں شائع نہ کریں۔ مولانا اسے دیکھنے کے بعد ہی فیصلہ کر سکیں گے کہ اس کی نسبت ان کے ساتھ درست ہے یا نہیں۔ میرا ذاتی مشورہ یہ ہے کہ آپ اس کی فوٹو کاپی مولانا کو روانہ کر دیں۔ مولانا کو صرف ایک خط یاد ہے جو انہوں نے ملایا کے دورہ کے دوران میں لکھا سکیں وہ بھی اختر احسن صاحب کے نام تھا نہ کہ مولانا فراہی کے نام۔

باقی خیریت۔ امید ہے آپ کے مزاج بخیر ہوں گے۔ احباب کو سلام

والسلام

خالد مسعود

برائے مولانا امین احسن اصلاحی لاہور